Name: ___________________________	**Subject:** Urdu	**Class:** 11th	**Time:** 80 minutes	Total Marks:	**40**
Test Number: T-9	**MJDexpert.com**			Obtained marks	

(حصہ معروضی)

سوال 1۔ دیئے گئے سوالات میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔ (5)

i۔ تشبیہ کے ارکان۔

(الف):پانچ	(ب): تین	(ج):چار	(د):چھ

ii۔ حرف تشبیہ کا دوسرا نام؟

(الف):اداتِ تشبیہ	(ب):وجہ جامع	(ج):طرفین تشبیہ	(د):مشبہ بہ

iii۔ استعارہ کس زبان کا لفظ؟

(الف):فارسی	(ب):انگریزی	(ج):عربی	(د):اردو

iv۔ قافیہ کے لغوی معنی؟

(الف):پے در پے آنے والا	(ب): آگے چلنے والا	(ج):گھڑ سوار	(د): شہسوار

v۔ تلمیح کے لغوی معنی؟

(الف):اشارہ کرنا	(ب):ادھار لینا	(ج):ادھار دینا	(د):کلام کرنا

(انشائی طرز)

سوال:2 درج ذیل اشعار کی الگ الگ تشریح کیجئے۔شاعر کا نام بھی تحریر کیجئے؟ (1+3+3+3=10)

اب تو کچھ اور ہی اعجاز دکھایا جائے — شام کے بعد بھی سورج، نہ بجھایا جائے

نئے انساں سے تعارف جو ہوا، تو بولا — میں ہوں سقراط، مجھ زہر پلایا جائے

موت سے کس کو مفر ہے، مگر انسانوں کو — پہلے جینے کا سلیقہ، تو سکھایا جائے

سوال 3: مست توکلی کی نظم ”وحدانیت“ کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ (5)

سوال 4: بلدیہ کے چیئرمین کے نام محلے کی مناسب صفائی کی درخواست لکھئے۔ (10)

سوال 5: درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجئے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجئے۔ (2+8=10)

”ایک بادشاہ شکار کو جا رہا تھا اچانک اس کی نظر ایک درویش پر پڑی۔ درویش کے نزدیک ایک کتا تھا۔ جو گوشت کا ٹکڑا کھا رہا تھا۔ درویش خوش دکھائی دے رہا تھا۔ بادشاہ اس کے نزدیک جا کر ٹھہر گیا۔ اُس نے مذاق کے طور پر درویش سے کہا ارے بھائی! اللہ کے دربار میں تیرا کتا بہتر ہے یا تو خود، درویش نے مودبانہ جواب دیا۔ حضور اگر ہم اپنے مالک حقیقی کا حکم بجالائیں تو کتے سے بہتر ورنہ کتا ہم سے بہتر بدرجہا بہتر کہتے ہیں کہ اس معمولی واقع نے بادشاہ کی زندگی کو بالکل بدل دیا“۔

Visit mjdexpert.com for more test, notes and past paper of 9th, 10th, 11th and 12th Class